**15.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی قُبرص پہنچ گئے ہیں۔ وہ قُبرص کے صدر Christodoulides کے ساتھ تجارت، سکیورٹی اور اسٹریٹجک شراکت داری پر اعلیٰ سطح کی بات چیت کریں گے۔

☆ مہاراشٹر کے پونے میں دریائے اندرایانی پر تعمیر شدہ ایک پُل منہدم ہوگیا ہے۔ چار افراد کی موت ہوگئی ہے جبکہ کئی افراد کے لاپتہ ہونے کا انڈیشہ ہے۔

☆ شہری ہوا بازی کی وزارت نے افسوسناک ہیلی کاپٹر حادثے کے بعد اتراکھنڈ میں ہیلی کاپٹر خدمات کیلیے سخت حفظاتی ضابطوں کے احکامات جاری کیے ہیں۔

☆ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے جدت طرازی اور تحقیق کو اور زیادہ آسان بنانے کی خاطر ایک اہم پالیسی اصلاحات کا اعلان کیا ہے۔

☆ ایران نے اسرائیلی فوجی کارروائی روکنے کیلئے بدلے میں جنگ بندی کی پیشکش کی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی اثاثوں پر حملے کے خلاف ایران کو خبردار کیا ہے۔

☆ اور... بھارتی محکمۂ موسمیات نے ملک کے مغربی ساحلی علاقوں میں شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اگلے دو روز کے دوران ملک کے شمال مغربی علاقوں اور گجرات میں جھکڑ دار ہواؤں کے ساتھ گرج چمک کا امکان ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی تین ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں قبرص پہنچ گئے ہیں۔

قبرص کے صدر Nikos Christodoulides نے Larnaka بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر اُن کا خیر مقدم کیا۔ وزیر اعظم وہاں سے Lemesos روانہ ہوگئے جہاں بھارتی برادری اور قبرص کے عوام نے اُن پُرجوش استقبال کیا۔ اس موقع پر طلباء، پیشہ ور افراد اور بھارتی برادری کے ارکان بڑی تعداد میں موجود تھے، جس سے بھارت اور قبرص کے درمیان گہری دوستی کا اظہار ہوتا ہے۔

وزیر اعظم مودی اور Christodoulides آج بعد میں بھارت اور قبرص کے صنعتکاروں کے ساتھ ایک کاروباری میٹنگ میں حصہ لیں گے۔

کل وزیر اعظم مودی Nicosia میں صدر Christodoulides کے ساتھ باضابطہ طور پر دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ توقع ہے کہ بات چیت کے دوران تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، ڈیجیٹل اشتراک اور علاقائی سلامتی کے معاملات زیر بحث آئیں گے۔

امید ہے کہ دونوں رہنما بھارت– یوروپی یونین شراکت داری اور بھارت–مغربی ایشیا یوروپ اقتصادی راہداری سمیت وسیع بین الاقوامی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔ وزیر اعظم کے اِس دورے کی خاص بات یہ ہے کہ دونوں رہنما مشترکہ طور پر Nicosia ٹاؤن ہال جائیں گے۔

اُس کے بعد قبرص میں اقوام متحدہ قیامِ امن میں بھارت کے تاریخی تعاون کے اعتراف کے طور پر اقوام متحدہ کی جنگ بندی لائن کا دورہ کریں گے۔ G-7سربراہ کانفرنس کیلئے کناڈا روانہ ہونے سے پہلے وزیر اعظم مودی کے اعزاز میں صدارتی محل میں لنچ کا اہتمام کیا جائے گا۔

وزیر اعظم کے اس دورے کو بھارت اور قبرص کے درمیان تعلقات میں ایک اہم سنگ میل کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ امید ہے کہ اس دورے سے دونوں جمہوریتوں کے درمیان اشتراک کی نئی راہیں کھلیں گی اور Strategic، ثقافتی اور اقتصادی رشتے مزید مستحکم ہوں گے۔x

## Rev Pune Bridge collapse

مہاراشٹر میں پونے کے ماوَل علاقے میں واقع Kundmala میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں دریائے اندرایانی کے اوپر تعمیر شدہ ایک پُل گر گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق اِس حادثے میں کچھ سیاحوں کے پانی میں ڈوب جانے کا اندیشہ ہے۔ اب تک 4افراد کے ہلاک ہونے کی تصدیق ہوچکی ہے۔ چھ افراد کے شدید طور پر زخمی ہونے کی بھی اطلاع ہے، جبکہ 38افراد کو بچالیا گیا ہے۔ ریاستی حکومت کی جانب سے مہلوکین کے اہل خانہ کو پانچ پانچ لاکھ روپے کی مالی مدد دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...........

VC Madhvi Kulkarni

ماوَل علاقے میں واقع Kundmala خاص طور پر مانسون کے موسم میں ایک مشہور سیاحتی مقام ہے۔ بہتی ہوئی اندرایانی ندی اور سرسبز و شاداب ماحول، سیاحوں کی بڑی تعداد کو اپنی طرف راغب کرتا ہے۔ اتوار کی چھٹی ہونے کی وجہ سے آج بڑی تعداد میں سیاح کُنڈمالا میں جمع تھے۔ جائے حادثہ پر لوہے کا پُل کافی پرانا تھا اور شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ یہ پُل، لوگوں کی زیادہ تعداد کی وجہ سے منہدم ہوگیا۔ پونے اور Pimpri Chindwad پولیس، PMRDA آگ بجھانے والے محکمے کی بچاؤ ٹیمیں، قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی قومی فورس NDRF کی دو یونٹ، فوراً ہی جائے حادثہ کی طرف روانہ ہوگئی۔ فی الحال بچاؤ کی کارروائی جاری ہے۔

پونے سے مادھوی کُلکرنی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## Heliopter Crash AAIB

ہوائی جہازوں کے حادثات کی تحقیقات سے متعلق بیورو AAIB آج صبح اتراکھنڈ میں کیدارناتھ مندر کے قریب ہوئے ایک ہیلی کاپٹر حادثے کی تحقیقات کرے گا۔ اِس حادثے میں 7افراد کی موت ہوگئی ہے۔ یہ ہیلی کاپٹر 6مسافروں اور عملے کے ایک رکن کے ساتھ کیدار ناتھ سے گُپت کاشی جا رہا تھا۔

شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے کہا ہے کہ ہیلی کاپٹر نے شری کیدار ناتھ جی سے گُپت کاشی کیلئے آج صبح 5بج کر 19منٹ پر اڑان بھری اور یہ گوری کُنڈ کے نزدیک حادثے کا شکار ہوگیا۔

حادثے کے بعد اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے آج ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی، جس میں شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA کے سکریٹری اور متعلقہ ٹیموں نے شرکت کی۔

میٹنگ کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ حفاظتی اقدامات کے طور پر خطے میں کل تک چارٹر اور ہیلی کاپٹر خدمات بند رہیں گی۔

## Plane Crash DNA Match

گجرات میں احمد آباد طیارہ حادثے میں اب تک مسافروں اور مقامی باشندوں کے رشتے داروں کے کُل 250 خون کے نمونے لئے گئے ہیں۔ اِن میں سے 62مہلوکین کے DNA نمونے ملائے جاچکے ہیں۔ 35افراد کی لاشوں کو اُن کے اہل خانہ کے سپرد کیا جاچکا ہے۔ اب صرف تین مسافروں کے رشتے داروں کے نمونے لئے جانے باقی ہیں۔ اِن مسافروں کے رشتے دار فی الحال برطانیہ میں ہیں۔ اگلے دو سے تین کے روز کے دران اُن کے نمونے بھی لے لئے جائیں گے۔

ریاستی وزیر داخلہ ہرش سنگھوی نے تصدیق کی ہے کہ گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی کا DNA نمونہ بھی ملایا جاچکا ہے۔ گاندھی نگر فورینسک سائنس لیباریٹری میں لگاتار چوبیس گھنٹے سے DNA نمونوں کو ملانے کا عمل جاری ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کے پرنسپل سکریٹری P.K. مشرا نے آج صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے جائے حادثہ کا دورہ کیا۔ ریاستی پولیس سربراہ وکاس سہائے نے جناب مشرا کو پورے واقعے کے بارے میں جانکاری فراہم کی۔

اس دوران ہوائی جہازوں کے حادثات کی تحقیقات کے بیورو AAIB کے ایک افسر نے بھی جناب مشرا کو تحقیقات کی پیش رفت اور دیگر اہم معلومات کے بارے میں مطلع کیا۔ جناب مشرا نے ہاسٹل mess کا بھی دورہ کیا۔ اس دوران سابق وزیر اعلیٰ وجئے روپانی کے اعزاز میں کل گجرات میں ایک روزہ سرکاری سوگ کا اعلان کیا گیاہے۔ کل، تمام عمارتوں پر قومی پرچم سرنگوں رہے گا۔ وجئے روپانی کی آخری رسوم کل شام پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔

طیارہ حادثے میں ہلاک ہوئے مسافروں کے قانونی وارثوں کو بیمے کی رقم کی ادائیگی اور بیمہ دعوے میں مدد فراہم کرنے کیلئے ہیلپ ڈیسک قائم کیا گیا ہے۔ضلعی انتظامیہ کی طرف سے بیمے کی ادائیگی میں مدد فراہم کرنے کیلئے نوڈل آفیسرز مقرر کیے گئے ہیں۔ x

## Add Helicopter Crash

شہری ہوا بازی کی وزارت نے یہ بات پھر کہی ہے کہ ہوا بازی کی سلامتی کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا اور کسی بھی آپریٹر کو موسم سے متعلق یا دیگر پروٹوکول کی خلاف ورزی کرکے پروازیں نہیں چلانی چاہئیں۔ وزارت نے DGCA کو سخت ہدایات جاری کی ہیں تاکہ موجودہ سبھی شرائط اور دفعات کو مکمل اتھارٹی کے ساتھ نافذ کیا جاسکے اور اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ پرواز کی کارروائیوں میں ہر قیمت پر ڈسپلن کو برقرار رکھا جائے۔x

## Amit Shah Appointment Letters

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت میں 31مارچ 2026 تک نکسلی سرگرمیاں مکمل طور پر ختم ہوجائیں گی۔ لکھنؤ میں نئے بھرتی کئے گئے 60ہزار 244پولیس کانسٹیبلس کو تقرری نامہ دیئے جانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ایک وقت تھا، جب گیارہ ریاستیں نکسلی سرگرمیوں سے متاثر تھیں، لیکن اب یہ محض تین ضلعوں تک محدود ہو کر رہ گئی ہیں۔

S/B 1805 Amit Shah Naxal

## Jitendra Science

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج ایک پالیسی اصلاحات کا اعلان کیا ہے تاکہ جدت طرازی اور تحقیق کو اور زیادہ آسان بنایا جاسکے۔ پالیسی اصلاحات کے ذریعے ملک بھر میں جدت طرازوں، محققین، اسکالروں، سائنسدانوں اور اداروں کو راحت فراہم کی گئی ہے جس کا طویل عرصے سے انتظار تھا۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ یہ ایک ایسا قدم ہے جس سے اس ملک کے سائنس لیڈروں میں اعتماد کا اظہار ہوتا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ آنے والے برسوں میں خلائی معیشت بھارت کی ترقی کا ایک اہم عنصر ہوگا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ گذشتہ دس برس میں مودی سرکار نے بعض انتہائی غیرمتوقع فیصلے کئے ہیں جن میں نجی شعبے کیلئے خلا کو کھولا جانا اور نیوکلیائی شعبے کے بارے میں اِس سال کا اعلان شامل ہے۔

S/B Jitndra Singh

## Iran Israel Conflict

ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ کا آج تیسرا دن ہے۔ دونوں ملکوں نے آج بھی میزائل اور فضائی حملے کئے، جس سے اسرائیل میں کم سے کم 13افراد اور ایران میں 80افراد ہلاک ہوگئے۔ لڑائی ختم ہونے کے کوئی آثار نظر نہیں آرہے ہیں، جبکہ عالمی رہنماؤں نے خبردار کیا ہے کہ یہ جنگ وسیع علاقائی جنگ کی صورت اختیار کرسکتی ہے۔ ایران نے آج اسرائیل کے شہروں پر دو بار الگ الگ میزائل سے حملے کئے اور سویلین آبادی والے علاقے کو نشانہ بنایا۔ اُدھر ایران نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ جب سے اسرائیلی حملے شروع ہوئے ہیں تب سے

ایران میں کم سے کم 80افراد ہلاک اور 320سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔x

## Iran Poreign Minister

ایران نے آج اعلان کیا ہے کہ اگر اسرائیل اُس کے خلاف فوجی کارروائی بند کردے تو وہ اسرائیل پر اپنے حملے بند کردے گا۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس Araqchi نے کہا ہے کہ ایران لڑائی کو ہمسایہ ملکوں تک نہیں لے جانا چاہتا بشرطیکہ اُسے مجبور نہ کیا جائے۔

اس دوران، اسرائیل اپنی فوجی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ ایران کو نیوکلیائی ہتھیار بنانے سے روکا اور اُس کی میزائل کی صلاحیتوں کوختم کیا جاسکے۔

اُدھر امریکہ کے صدر ٹرمپ نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ وہ امریکی اثاثوں پر حملے نہ کرے۔ انھوں نے کہا کہ اگر وہ ایسا کرنے کی کوشش کرے گا تو امریکی مسلح افواج کی پوری طاقت اور قوت کے ساتھ ایران پر ایسا وار کیا جائے گا جس کی پہلے کوئی نظیر نہیں ملتی۔x

## MEA Iran Advisory

ایران میں بھارت کے سفارتخانے نے آج ایک ایڈوائزری جاری کی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ایران میں مقیم سبھی بھارتی شہری اور بھارت نژاد افراد سفارتخانے کے رابطے میں رہیں اور غیر ضروری طور پر اِدھر اُدھر جانے سے گریز کریں۔ یہ ایڈوائزری ایران میں موجودہ صورتحال کے پیش نظر جاری کی گئی ہے۔سبھی بھارتی شہریوں اور بھارت نژاد افراد سے کہا گیا ہے کہ وہ تازہ صورتحال کی جانکاری کیلئے سفارتخانے کے سوشل میڈیا پیج کو دیکھتے رہیں۔ ہنگامی صورتحال میں ان نمبروں پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے:

پلس نو آٹھ نو – ایک دو آٹھ – ایک صفر نو – ایک ایک پانچ اور

پلس نو آٹھ نو – ایک دو آٹھ – ایک صفر نو – ایک صفر نو

وہاٹس ایپ کیلئے رابطہ نمبر ہے:

پلس نو آٹھ نو – صفر ایک صفر – چار چار پانچ – پانچ سات۔ دوسرا نمبر ہے:

پلس نو آٹھ نو – صفر ایک پانچ – نو نو تین – تین دو صفر اور

پلس نو ایک آٹھ– صفر آٹھ چھ– آٹھ سات ایک– سات صفر نو

## Piyush Goyal Chandrababu

تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے آج گنٹور میں تجارت، زراعت اور ریاست آندھرا پردیش سے متعلق اہم امور پر تبادلۂ خیال کرنے کیلئے وزیر اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو کے ساتھ میٹنگ کی۔ اِس میٹنگ میں تمباکو کی خریداری، پام آئل پر درآمداتی محصولات، ایکوا برآمدات کے چیلنجز اور آم کے گودے پر ٹیکس لگانے سمیت دیگر امور پر توجہ مرکوز کی گئی۔ چندرا بابو نائیڈو نے تمباکو کی گھٹتی ہوئی قیمتوں پر تشویش کا اظہار کیا اور

براہ راست خریداری کے ذریعے کسانوں کی مدد کیلئے ریاست کی کوششوں کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے مرکز پر مالی ذمہ داری کا بوجھ اٹھانے پر زور دیا۔ جناب پیوش گوئل نے وزیر اعلیٰ کو یقین دلایا کہ میٹنگ میں زیر بحث تمام مسائل کو مرکزی حکومت حال کرے گی۔ x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے ملک کے مغربی ساحلی علاقوں میں شدید سے انتہائی شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی بات چیت میں IMD کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینامنی نے کہا کہ اگلے دو دن میں دلّی، ہریانہ، پنجاب اور گجرات میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ دلّی سمیت شمال مغربی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں آج کافی کمی آئی ہے۔

☆☆☆☆☆☆